جلد (۴۱) نمبر (۳۶)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

شنکہ پیمائی گی

۴ ؍ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

معروضہ کارگذارات صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری شنکہ پیمائی گی بشرح فیصدی آٹھ آنہ بنا بر مصارف باورچیخانہ خاصہ ہندوستانی سے ابتدائے اپریل سنہ ۱۹۲۹ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۳۰ء بنام کارگذاری کہاروں مثل سابقہ

حکم

بموجب صراحت رپورٹ ٹنکہ پیمائی مصارف باورچیخانہ خاصہ ہندوستانی حسب شرائط معروضہ بالا کارگذارات من ابتدائے یکم اپریل سنہ ۱۹۲۹ء بشرح آٹھ آنہ فیصدی منظور ہے۔ کارگذارات بغرض اجرائے احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

بغرض اجرائے احکام مراسلہ کارخانہ جات ہو۔ ۲۲ ؍ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ ؍ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

مثل عرضداشت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر ریاست ہذا رخصت مزید یکماہ ۱ ؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء بوجہ بقائے علالت۔

حکم

صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر کی رخصت ۳۰ ستمبر ۱۹۲۹ء تک منظور کر
احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۹ اگست ۱۹۲۹ء

بہ تقریب سالگرہ ہمایون مولوی سید محمد داؤد صاحب کی تنخواہ موجودہ مین یکم اگست ۱۹۲۹ء سے
پچاس روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے -

حکم ہوا کہ

بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر بکیپ نینی تال

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - ۳۰ اگست ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲ ستمبر ۱۹۲۹ء

بہ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت
رعایتی یکماہ منشی شبیر علیخان سپرنڈنٹ صفائی بغرض علاج پسر از یوم استعفا

حکم

حسب رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر شبیر علیخان سپرنڈنٹ صفائی کی رخصت یکماہ
یوم استعفا سے منظور ہے - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۴ ستمبر ۱۹۲۹ء

حسب عرضی محمود علیخان اہلمد اجلاس ہذا رخصت ۱۵ یوم بوجہ علالت بذمہ داری
اہلمدان اجلاس ہذا منظور کی گئی -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۳ ستمبر ۱۹۲۹ء

درخواستہائے سید تہذیب علی و محبوب علی پسران سید فرزند علی متوفی ناظر سکریٹریٹ

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے اجلاس سے صاحب ممدوح کی اس رائے کے ساتھ آئی ہین کہ سید تہذیب علی اہلمد دیوانی کو ناظر سکریٹریٹ مقرر کردیا جائے - اور اس سلسلہ مین سید محبوب علی کو بھی جگہ دیجائے - اور صاحب موصوف نے یہ بھی لکھا ہے کہ سید تہذیب علی کی جگہ کا انتظام بھی کردیا جائے - سید فرزند علی کی دیرینہ ملازمت اور دیانتداری سے کام انجام دیکر بحالت انجام دہی خدمات سرکاری فوت ہونا اس قابل ہے کہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی رائے سے اتفاق کرکے سید تہذیب علی کو ناظر سکریٹریٹ مقرر کیا جائے - لہذا سید تہذیب علی کو تیس روپیہ تنخواہ پر ناظر سکریٹریٹ مقرر کرنے کے لئے عرضداشت اجلاس ہمایون مین پیش کیجائے - سید تہذیب علی کو حسب قاعدہ ضمانت دینا ہوگی - اور حسب تجویز صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سید تہذیب علی کی جگہ عدالت دیوانی مین حافظ یعقوب خان اہلمد اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کا تبادلہ اپنی موجودہ تنخواہ پر کیا جائے - اور بجائے حافظ یعقوب خان سید محبوب علی ۱۵ تنخواہ پر اہلمد اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مقرر کیا جائے - چونکہ نظارت سکریٹریٹ کے کام کا حرج ہورہا ہے - لہذا فوراً اجراء احکام کیا جائے اور ہر شخص اپنی اپنی جگہ کا چارج لیلے - اور حاکم صاحب صدر سکریٹریٹ کے حسابات کے رجسٹر اور رقم سید تہذیب علی کے سپرد کرین - سید تہذیب علی کو سید فرزند علی کی بیوہ اور نابالغ پسماندگان کا لحاظ رکھنا ضروری ہوگا - لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل اس روبکار کی اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بھیجی جائے - اور ایک نقل گزٹ مین شائع کیجائے -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

یکم ستمبر ۱۹۲۹ء

تسخیر احمد مدرس اول مدرسہ گنج قلندر خان کی رخصت آٹھ ماہ بوضع تنخواہ یکم ستمبر ۱۹۲۹ء سے منظور کیجاتی ہے - اور بجائے ان مدرس دوم مدرسہ پل پختہ تنخواہ دار ۱۵ ماہوار بالاضافہ ۵ ماہوار بجائے تسخیر احمد مدرسہ گنج قلندر خان مین تبدیل کیا جائے - مدرسہ پل پختہ مین بجائے محمد امین مدرس دوم سید معصوم علی منشی فاضل کالج الہ آباد ۱۵ تنخواہ پر مدرس دوم مقرر کیا جاتا ہے - یہ انتظام ایام رخصت تسخیر احمد تک کے لئے ہے - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳ لغایت ۹ ستمبر ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰۶ سیر ۶ سیر ۷ سیر			۷۰۷ سیر			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰۵ سیر ۱۰۵ سیر			۱۰۵ سیر			
نخود کرامیز	۷ سیر			۱۰۶ سیر			
کس	۷ سیر			۷ سیر			
ماش	۵ سیر ۵ سیر			۵ سیر			
مونگ	۱۰۳ سیر ۴ سیر			۰			
مکا	۸ سیر			۰			
جئی	۹ سیر			۱۰ سیر			
گوجئی	۹ سیر			۰			
عدس	۶ سیر			۶ سیر			
ارہر	۶ سیر			۱۰۶ سیر			
برنج	۳۰ سیر			۱۰۳ سیر ۵ سیر			
روغن زرد	۰۷ چھٹانک			۹ چھٹانک			
روغن سیاہ	۱۰۲ سیر			۱۰ سیر			
روغن کنجد	۱۰۱ سیر			۱ سیر			
نمک سانبھر	۱۰½ سیر			۱۰ سیر			
نمک لاہوری	۵ سیر			۰			
قند سیاہ	۴ سیر ۵ سیر			۸ سیر			
باجرہ	نرخ بازار			۰			

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۴ لغایت ۳۰ اگست ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر حالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	ہفتہ	یکم جون سے	ہفتہ	یکم جون سے	ہفتہ	یکم جون سے	ہفتہ	یکم جون سے	ہفتہ	یکم جون سے	ہفتہ	یکم جون سے
۲۴ اگست ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۶	۲۵۳½	۰	۲۵۳	۱	۲۶۷	۶	۱۷۹	۰	۱۴۲	۲	۲۳۰
۲۵ " " یوم یکشنبہ	۴½	۲۵۹	۵	۲۵۸	۰	۲۶۷	۰	۱۷۹	۲	۱۴۴	۰	۲۳۰
۲۶ " " یوم دوشنبہ	۰	۲۵۹	۰	۲۵۸	۲	۲۶۹	۴	۱۸۳	۰	۱۴۴	۵	۲۳۵
۲۷ " " یوم سہ شنبہ	۳	۲۶۲	۳	۲۶۱	۰	۲۶۹	۰	۱۸۳	۴	۱۴۸	۰	۲۳۵
۲۸ " " یوم چہارشنبہ	×	۱۶۲	۰	۲۶۱	۰	۲۶۹	۲	۱۸۵	۰	۱۴۸	۰	۲۳۵
۲۹ " " یوم پنجشنبہ	۰	۲۶۲	۰	۲۶۱	۰	۲۶۹	۰	۱۸۵	۰	۱۴۸	۰	۲۳۵
۳۰ " " یوم جمعہ	۰	۲۶۲	۰	۲۶۱	۰	۲۶۹	۰	۱۸۵	۰	۱۴۸	۰	۲۳۵

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ اگست ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۷ ثار		۶ ثار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				۵ ثار		۶ ثار	
نخود کس آمیز				۶ ثار		۶ ثار	
جو				۷ ثار		۷ ثار	
ماش				۵ ثار		۵ ثار	
مونگ				۰		۳ ثار	
مٹر				۰		۸ ثار	
چنی				۱۰ ثار		۱۰ ثار	
کودھی				۰		۹ ثار	
عدس				۶ ثار		۶ ثار	
ارہر				۶ ثار		۶ ثار	
برنج				۴ ثار ۵ ثار		۵ ثار	
روغن زرد				۹ چھٹانک		۱ ثار	
روغن سیاہ				۱ ثار		۱ ثار	
روغن کنجد				۰		۱ ثار	
نمک سانبھر				۱۰ ثار		۱۰ ثار	
نمک لاہوری				۰		۸ ثار	
قند سیاہ				۵ ثار		۵ ثار	
باجرہ				۰		۵ ثار	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۱۷ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بتاریخ	تا تاریخ	بتاریخ	تا تاریخ	بتاریخ	تا تاریخ	بتاریخ	تا تاریخ	بتاریخ	تا تاریخ	بتاریخ	تا تاریخ
۱۷ اگست ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۳½	۲۴۱	۱	۲۳۲	۱	۲۵۷	۱۱	۱۲۸	۸	۱۳۵	۸	۲۲۳
۱۸ " " یوم یکشنبہ	۷	۲۴۸	۳½	۲۳۵½	۳	۲۶۰	۰	۱۲۸	۵	۱۴۰	۰	۲۲۴
۱۹ " " یوم دوشنبہ	۰	۲۴۸	½	۲۳۶	۰	۲۶۰	۰	۱۲۸	۰	۱۴۰	۰	۲۲۴
۲۰ " " یوم سہ شنبہ	۰	۲۴۸	۰	۲۳۶	۰	۲۶۰	۵	۱۳۳	۰	۱۴۰	۰	۲۲۴
۲۱ " " یوم چہارشنبہ	۰	۲۴۸	۰	۲۳۶	۶	۲۶۶	۰	۱۳۳	۲	۱۴۲	۲	۲۲۶
۲۲ " " یوم پنجشنبہ	۲½	۲۵۰½	۱۷	۲۵۳	۰	۲۶۶	۰	۱۳۳	۰	۱۴۲	۰	۲۲۶
۲۳ " " یوم جمعہ	۰	۲۵۰½	۰	۱۰۳	۰	۲۶۶	۰	۱۳۳	۰	۱۴۲	۱	۲۲۶